Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۹ مطبوعہ روز پنجشنبہ تاریخ ۹ ذیقعدہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۱۴ فروری ۱۹۳۴ء

غیر معمولی ایکٹ

اعلان ۱ و ۲ متعلق محصول نیشکر

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

اعلان

ہز ہائینس کی گورنمنٹ کی توجہ اسطرف مبذول کرائی گئی ہے کہ بعض صورتوں میں کاشتکار جدید عائد کردہ محصول نیشکر سے اس غلط حیلہ کی بنا پر مستثنےٰ ہونے کا دعویدار ہوتا ہے کہ وہ نیشکر علاقہ انگریزی سے لایا ہے اور ریلوے اسٹیشنوں کو ریاست میں ہوکر لئے جارہا ہے۔

چنانچہ بذریعہ اعلان ہذا عام طور پر مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کوئی شخص محصولِ نیشکر سے اس بنا پر مستثنےٰ ہونا چاہتا ہے کہ نیشکر زراعتی علاقہ انگریزی کی پیداوار ہے اور اس کے لیجانے کا راستہ حدود ریاست میں سے ہے تو اسکو اسی امر کا اطمینان خاص افسر نیشکر (اسپیشل شوگر کین آفیسر) کو دلانا چاہئے۔ یا صاحب ریونیو سکریٹری ریاست سے یا کسی دوسرے حاکم سے جسکو صاحب سکریٹری موصوف نے اس بابت مجاز کیا ہو ایک پرچہ محصول سے مستثنےٰ ہونے کا حاصل کرنا چاہئے۔ شبہ کی حالت میں جبکہ کاشتکار متعلق خاص افسر نیشکر کو موقع پر اطمینان دلانے سے قاصر رہے تو کاشتکار سے محصول وصول کر لیا جائے اور کاشتکار مذکور کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ محصول ادا کرنیسے ۱۴ دن کے اندر ریونیو سکریٹری صاحب کے پاس واپسی محصول کی درخواست پیش کرے اور اپنی درخواست کی تائید میں جو ثبوت ضروری ہو پیش کرے۔ اس معاملہ میں تجویز ریونیو سکریٹری صاحب قطعی ہوگی۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

اعلان

تحت قانون تنظیم (ضروری) نیشکر مجریہ گورنمنٹ ریاست رامپور حسب ذیل اعلان شائع کیا جاتا ہے:-

۱- تحت قانون مذکورہ بالا جو اعلان غیر معمولی گزٹ مطبوعہ ۱۰ر فروری ۱۹۳۵ء کے صفحہ ۴ پر طبع ہوا ہے اوس کے ضمن (۱۱) کی شروع عبارت (رقبہ معینہ کے حدود کے اندر جسقدر نیشکر رضا شوگر فیکٹری کے ہاتھ فروخت کیا جائیگا اوس کے متعلق حسب ذیل شرائط رضا شوگر فیکٹری سے تصفیہ پاچکے ہیں) کے متعلق یہ امر دریافت کیا جارہا ہے کہ کیا رضا شوگر فیکٹری حسب معاہدہ کل نیشکر کے خریدنے کی پابند ہے جو رقبہ معینہ کے حدود کے اندر جو کی محصول پر رضا شوگر فیکٹری میں اوسکے پاس برائے فروخت پیش کیجائے۔ لہذا

یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ رضا شوگر فیکٹری سے یہ امر طے پاگیا ہے کہ ایسی کل نیشکر حسب شرائط مندرجہ ضمن (۱۱) فیکٹری مذکور کو خریدنی ہوگی۔

۲- بذریعہ اعلان ہذا کاشتکاران نیشکر کو یہ بھی مطلع کیا جاتا ہے کہ جو نیشکر آخر موسم میں دیر سے درد ہو کر رضا شوگر فیکٹری کو مہیا کی جائے گی وہ موجودہ قائم کردہ قیمت کے تابع نہ ہوگی بلکہ اوسکی قیمت کا تعین حسب ذیل اصول پر کیا جائیگا:-

(الف) جس نیشکر کی فروخت کا معاہدہ رضا شوگر فیکٹری سے پہلے ہو چکا ہے اوسکی قیمت حسب معاہدہ ادا کیجائیگی۔
لیکن اگر بوقت درد کم سے کم قیمت جو لحاظ وقت درد اور مطابق اعلان گورنمنٹ یو۔پی کے مقرر کیجائے قیمت مندرجہ معاہدہ سے زیادہ ہو تو رضا شوگر فیکٹری کو اول الذکر قیمت ادا کرنا ہوگی۔

(ب) جس نیشکر کی فروخت کا معاہدہ رضا شوگر فیکٹری سے نہیں ہوا ہے اوسکی قیمت وہ کمیٹی جسکا حوالہ اعلان مطبوعہ ۱۰ر فروری ۱۹۳۵ء کے قاعدہ (ب) میں ہے قائم کرے گی۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر